# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time :** 12:30 PM

Date: 04-August-2026

---

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز ااختر
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

---

ترمیمی بل

لوک سبھا نے عدالتِ عظمیٰ میں جج صاحبان کی تعداد سے متعلق ترمیمی بِل پاس کی ہے۔بِل کا مقصد اس سلسلے میں **1956** کے ایکٹ میں ترمیم کرکے سپریم کورٹ کے جج صاحبان کی تعداد **33** سے بڑھا کر **37** کرنا ہے۔تاہم اس میں چیف جسٹس شامل نہیں ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس برس مئی کے مہینے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس سلسلے میں ایک قانون ترتیب دئیے جانے کا اعلان کیا تھا۔اُمید ظاہر کی جارہی ہے کہ اس قانون سے سپریم کورٹ میں التوا میں پڑے معاملات کے جلد نپٹارے میں مدد ملے گی۔

................

منگل مِلن

نئی دلی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں آج صبح قومی جمہوری اتحاد این ڈی اے پارلیمینٹری پارٹی کی ہفتہ وار میٹنگ منعقد ہوئی۔منگل ملن کے نام سے موسوم اس میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی کے علاوہ اتحاد

سے وابستہ سبھی پارٹیوں کے ممبران پارلیمنٹ نے شرکت کی۔میٹنگ میں پارلیمنٹ کے جاری مون سون اجلاس کے آخری دس ایام کیلئے اتحاد کے لائحہ عمل پر غور وخوض کیا گیا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ این ڈی اے کا منگل ملن ہر منگلوار کو منعقد ہوتا ہے۔

----------------

مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سری لنکا کے خلاف کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز کیلئے بھارتی سکارڈ میں عاقب نبی کو شامل کئے جانے پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ یہ جموں وکشمیر کیلئے باعث افتخار ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عاقب نبی کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے نوجوان ہر سطح پر اپنی بے مثال صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عاقب نبی جموں وکشمیر کے نوجوانوں کیلئے تحریک کا باعث بنیں گے۔

----------------

کمیٹی

قانون ساز اسمبلی کی پیٹیشنز سے متعلق کمیٹی کا ایک اجلاس سرینگر میں کمیٹی کے چیئرمین فاروق احمد شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔اجلاس میں بازاروں میں دستیاب اشیائے خوردنی کے معیار کی جانچ اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔کمیٹی کے چیئرمین نے بازاروں میں کھانے پینے کی معیاری اور قابل استعمال اشیاء دستیاب کرانے کیلئے موزون اقدامات کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کو اپنی سرگرمیوں میں مزید سرعت لانے کی تلقین کی۔

----------------

انشل گرگ

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے گاندربل ضلعے میں سرینگر رنگ روڈ کے دوسرے مرحلے پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے رنگ روڈ کی تعمیر میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور اس پروجیکٹ کو

بروقت مکمل کرنے کی متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی ۔انشل گرگ نے اس سلسلے میں مختلف محکموں کے مابین تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

................

وسیم احمد

کولگام ضلعے کے ڈُرہامہ علاقے میں گورنمنٹ مڈل اسکول میں تعینات وسیم احمد نامی اُستاد کو راشٹرپتی بھون نئی دلی میں منعقد ہونے والی یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ وسیم احمد نے مذکورہ علاقے میں تعلیم کو عام کرنے اور تعلیمی منظرنامے کو فروغ دینے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وسیم احمد اپنے تاثرات کا کچھ اس طرح اظہار کیا۔

-----**Byte Waseem**------

................

ڈی سی بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں چلائی جانے والی ہرگھر ترنگا مہم کے کامیاب اور احسن انعقاد کیلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد لوگوں خاص کر نوجوانوں میں حب الوطنی اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے تمام محکموں اور مختلف اداروں کو اس مہم کی کامیابی میں اپنا کردار ادا کرنے کی ہدایت دی۔

................

فلم فیسٹیول

ناظم اطلاعات شریا سنگھل نے محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے جموں وکشمیر کے پہلے بین الاقوامی فلم میلے **IFFJK** کیلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔یہ فیسٹیول سرینگر میں **7** سے **10** ستمبر تک منعقد ہوگا۔فیسٹیول کے لئے **50** ممالک سے ایک ہزار ایک سو سے زیادہ فلمیں موصول ہوئی ہیں۔

................

جعلی ویڈیو

سرکار نے سوشل میڈیا پر گردش کر رہے اُس ویڈیو کی تردید کی ہے، جس میں وزیراعظم نریندر مودی کو قدیم سکوں کی نمائش میں سرکار سے تسلیم شدہ خریدار کی شرکت کی تصدیق کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔
پریس انفارمیشن بیورو کے فیکٹ چیک یونٹ نے اس ویڈیو کو جعلی قرار دیا ہے۔ پی آئی بی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے اس قسم کی کوئی تصدیق نہیں کی ہے۔ عام لوگوں سے ایسے معاملات میں ہوشیار رہنے کیلئے کہا گیا ہے۔

................

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔ آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے **964** یاتریوں پر مشتمل **27**واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔ آج دوپہر **12** بجے تک مزید **2** ہزار **188** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

................

کلاؤڈ برسٹ

جموں و کشمیر میں اس برس اب تک بادل پھٹنے کے **35** واقعات رونما ہوئے ہیں، جن میں **31** افراد از جان ہو گئے۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے سرکار کی جانب سے جاری کئے گئے اعداد و شمار کے حوالے سے خبر دی ہے کہ یکم جون سے جولائی کے وسط تک بادل پھٹنے کے **22** واقعات پیش آئے۔ ان واقعات میں پونچھ، راجوری، کٹھوعہ، ڈوڈہ، کشتواڑ، شوپیان اور کپواڑہ اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔

................

این ایس ڈی اطلاع

آکاشوانی سے ہر شام **6** بجکر **25** منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بلیٹن اب آج سے ہر دن شام **6** بجکر **15** منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ

................